DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 22.06.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بے نظیر بھٹو عظیم اور باوقار رہنما تھیں بلاول کے ویژن کے مطابق ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بجٹ متوازن سب کو یکساں اہمیت دی حکومت منصوبے شفاف بنائے جائیں اپوزیشن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | شہید بے نظیر بھٹو ہر مظلوم طبقے کی توانا آواز تھی، علی حسن زہری۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | شہید بے نظیر بھٹو کی قومی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بخت محمد کاکڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس سیکیورٹی کے بہتر انتظامات کیے جائیں، ڈی آئی جی پولیس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | سوشل ورکرز معاشرے کے سچے ہیروز ہیں، ڈی سی کوئٹہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | مالی معاونت سے پریس کلبز کے مسائل حل ہوں گے، ڈی ڈی پی آر مکران۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | زہریلے کیمکل زدہ فضلہ کی غیر قانونی ترسیل پر عدالت کا نوٹس کمپنی کو مشروط حکم نامہ جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | لیویز فورس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، عبدالغفار مگسی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ اور گوادر میں پولیو وائرس کی تصدیق پشین کلیئر کرار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ملازمین کے مطالبات کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پشین میں قتل واقعہ کے خلاف احتجاج آل پارٹیز تاجر برادری قبائلی عمائدین کا میتوں کے ہمراہ دھرنا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | صحت کے شعبے سے متعلق چار مسودہ قوانین زیر غور رائے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | صحبت پور محکمہ صحت کی ناقص کارکردگی علاج معالجے کی سہولیات ناپید۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت آٹھ ملزمان گرفتار، قلات فائرنگ سے سب انسپکٹر جاں بحق، قلع عبداللہ سی ٹی ڈی کارپوریشن کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گرد ہلاک، دہشت گردی میں چھ افراد ہلاک چار زخمی، نوجوان سے موٹر سائیکل موبائل اور نقدی چھین لی گئی، شکار پور بلوچستان کے دو نوجوان تاحال بازیاب نہیں ہوسکے، پیپلز پارٹی کے ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار کے گھر پر دستی بموں سے حملہ۔

## عوامی مسائل:

صحبت پور محکمہ صحت کی ناقص کارکردگی علاج معالجے کی سہولیات ناپید۔

مورخہ 22.06.2025

## اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے **کوئٹہ میں پیٹرول کا مسئلہ** !" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے پچھلے دنوں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول کی شدید قلت رہی جس کے باعث عوام کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس طرح میڈیا اور عوام کے مطالبے پر انتظامیہ نے پیٹرول پمپس پر پیٹرول کی سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے تمام پیٹرول پمپس مالکان اور دیگر متعلقہ افراد کو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے طلب کر کے ان پر واضح کیا

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

کہ کوئٹہ شہر میں پیٹرول کی سپلائی کو ممکن بنایا جائے اور عوام کو پیٹرول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں اس پر کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کے احکامات کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول پمپس پر پیٹرول کی سپلائی کا نظام قدرے بہتر ہوا ہے اور اس طرح ابعوام کو پمپس پر پیٹرول مل رہا ہے۔ مشاہدے کے مطابق اب بھی پیٹرول کی سپلائی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی از حد ضروری ہے کہ انتظامیہ کو پیٹرول پمپس پر ناپ تول اور کوالٹی پر نظر رکھنی چاہیے۔ اس سلسلے میں چیک اینڈ بیلنس کا نظام رائج کرنا چاہیے تاکہ اس قسم کی شکایات کا ازالہ کیا جائے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی اور دیگر متعلقہ حکام کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول کی دستیابی کو یقینی بنانے کا اقدام قابل تعریف ہے۔ انہوں نے یہ اقدام اٹھا کر عوام کی ایک بہت بڑی مشکل حل کر دی ہے۔ جو کہ پیٹرول کے نہ ہونے کے باعث اس سے دوچار تھی۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "سرحدی علاقوں میں چیلنجز اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا فیصلہ کن ردعمل" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 اتوار 25 ذوالحجہ 1446ھ 22 جون 2025ء نمبر 169
قیمت 35 روپے

بینظیر بھٹو عظیم اور باوقار رہنما تھیں

# بلاول کے وژن کے مطابق ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

ایٹمی اور میزائل پروگرام پیپلز پارٹی نے شروع کیا، لازوال قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی، بینظیر بھٹو کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ جاسکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کی صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں جب پاکستان کو دنیا کے سامنے اپنے مؤقف کو واضح انداز میں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی، تو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وہ واحد نوجوان رہنماء بن کر ابھرے جنہوں نے جرات، وقار، فہم اور مضبوط اعصاب کے ساتھ پاکستان کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر پیش کیا اور پاکستان کا بیانیہ موثر طور پر اجاگر کیا آج دنیا یہ تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستان امن پسند ملک ہے اور اصل جارحیت بھارت کی جانب سے ہوئی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی واحد وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجا رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جماعت آج بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں اسی وژن کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے ہم بلوچستان میں ان کے وژن کی روشنی میں مختلف ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، جن میں صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور فلاحی منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے جو جلد فعال ہوجائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جا رہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہورہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے وہ سیلاب متاثرین کی بحالی اور پارٹی کے عام کارکن کی بہتری کا دریافت کرتے ہیں ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہم نے این آئی سی وی ڈی منصوبے پر تیزی سے کام مکمل کیا ہے جس کا افتتاح بلاول بھٹو زرداری خود کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے جن کی چابیاں بھی جلد ہی مستحقین میں تقسیم کی جائیں گی، تقریب سے صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید اقبال شاہ، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ میر صابر بلوچ اور پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا۔

## وزیراعلیٰ کی جسٹس مندوخیل سے تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور سینٹر بلال خان مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بینظیر بھٹو شہید کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 25 ذوالحج 1446ھ 22 جون 2025ء، صفحات 24 | شمارہ 353

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

شہید بینظیر بھٹو ایک شفیق ماں، سچی اور دوراندیش رہنما تھیں

# تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات لاکر کارکردگی بہتر بنائینگے میر سرفراز بگٹی

محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت ہمارے ایمان کا حصہ ہے وہ آج بھی ہماری کاوشوں، ہماری سوچ اور خدمت کو دیکھ رہی ہیں ہوسکتا ہے کہ ہم ان کی تمام امیدوں پر پورا اتر سکیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

شہید بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق بلوچستان میں ترقی کا سفر جاری، پیپلز پارٹی ملک کی واحد وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجا رکھنے کا فریضہ انجام دیا، سالگرہ کی تقریب سے خطاب

بلوچستان کے حقوق کی بات سب سے پہلے کی جائے گی، عوامی نوعیت کے کسی منصوبے کو نظرانداز نہیں کریں گے، احتجاج اپوزیشن کا حق ہے، خضدار کے لوگوں کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی، اسمبلی میں خطاب

صوبائی حکومت مکمل طور پر متحد ہے اور نہ ہی کابینہ میں کسی قسم کی تبدیلی زیرغور ہے، وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کی 832 غیرضروری آسامیاں ختم کردی ہیں، وزیراعلیٰ کی صحافیوں سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کو اپنے مقررہ وقت سے 45 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کے مالی سال 2025.26 کے بجٹ پر دوسرے روز بھی ارکان نے عام بحث میں حصہ لیا۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج کے منصوبے کو پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا ہے، جس پر میں نے پہلے بھی بات کی، وزیراعلیٰ منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کی ایوان میں یقین دہانی......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

جاسکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں جب پاکستان کو دنیا کے سامنے اپنے مؤقف کو واضح انداز میں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی، تو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وہ واحد نوجوان رہنماء بن کر ابھرے جنہوں نے جرات، وقار، فہم اور مضبوط اعصاب کے ساتھ پاکستان کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر پیش کیا اور پاکستان کا بیانیہ مؤثر طور پر اجاگر کیا آج دنیا تسلیم کررہی ہے کہ پاکستان امن پسند ملک ہے اور اصل جارحیت بھارت کی جانب سے ہوئی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی واحد وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجا رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جماعت آج بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں اسی وژن کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے ہم بلوچستان میں ان کے وژن کی روشنی میں مختلف ترقیاتی اقدامات کررہے ہیں، جن میں صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور فلاحی منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے جو جلد فعال ہوجائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جارہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہورہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے وہ سیلاب متاثرین کی بحالی اور پارٹی کے عام کارکن کی بہتری کا دریافت کرتے ہیں ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہم نے این آئی سی وی ڈی منصوبے پر تیزی سے کام مکمل کیا ہے جس کا افتتاح بلاول بھٹو زرداری خود کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے جن کی چابیاں بھی جلد ہی مستحقین میں تقسیم کی جائیں گی اپنی سیاسی جدوجہد کے ایک یادگار واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 2008 میں جب انہیں اور ان کے بھائی کو پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے قومی و صوبائی اسمبلی کے ٹکٹ دیے گئے، تو انہیں زبردستی الیکشن لڑنے سے روکا گیا گرفتار کیا گیا اور جیل میں رکھا گیا تشدد کے بعد جب وہ عدالت سے ریلیف لے کر باہر نکلے، تو دوبارہ راستے میں انہیں شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اس وقت محترمہ بے نظیر بھٹو نے انہیں ٹیلیفون پر حوصلہ دیا، اور "بیٹا" کہہ کر مخاطب کیا۔ یہ لمحہ ان کی زندگی کا سب سے قیمتی اثاثہ ہے اور وہ آج بھی اسے سینے سے لگائے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو ایک شفیق ماں، دوراندیش رہنما اور عوام کی سچی ترجمان تھیں۔

کرائیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ کی تیاری کے موقع پر ایک فارمولے کے تحت پرانے منصوبوں کو دیکھا گیا اور بعض منصوبے کیپس کیے گئے، اپوزیشن لیڈر اس سلسلے میں چیمبر میں بات کریں، منصوبے پر فوری طور پر کچھ کہنے کی بجائے معاملے پر دوبارہ بات کرکے ہی کچھ کہوں گا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج کو بجٹ سے نکالنا خطرناک ہے، انہوں نے کہا کہ کالج کی عمارت مکمل ہونے کے بعد ہی پی ایم ڈی سی کالج کو مکمل طور پر ریکگنائز کرے گا اگر منصوبے کو پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا تو کالج سے اب تک فارغ التحصیل ڈاکٹروں کے کئی بیچ اور وہاں زیر تعلیم طلبا و طالبات کا مستقبل متاثر ہوگا، انہوں نے کہا کہ مشکلات ہر جگہ ہوتی ہیں مگر اس منصوبے کو بجٹ سے نکالنا درست نہیں، حکومت منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل کرے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ کالج میں کافی کام ہوچکا ہے اب منصوبے کو کیوں پی ایس ڈی پی سے نکالا جارہا ہے، میں اس فلور پر پہلے بھی منصوبے کے پی ڈی کے حوالے سے بات کرچکا ہوں، حکومت کی کوتاہی کے ہم ذمہ دار نہیں، مذکورہ پی ڈی کی انکوائری رپورٹ کیوں سامنے نہیں لائی جارہی ہے۔ بعد ازاں منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل نہ کیے جانے کے خلاف انہوں نے ایوان سے واک آؤٹ کیا، اپوزیشن کے دیگر ارکان نے بھی ان کے ہمراہ واک آؤٹ کیا۔ اس موقع پر پینل آف چیئرمین کے رکن علی مدد جتک نے حکومتی ارکان کو اپوزیشن ارکان کو منانے کے لئے بھیجا جس پر اپوزیشن ارکان بائیکاٹ ختم کرکے ایوان میں واپس آگئے، علی مدد جتک نے ایوان میں واپس آنے پر اپوزیشن ارکان کو خوش آمدید۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ منصوبے کی افادیت سے انکار نہیں، پہلے بھی کہا کہ اس کو دیکھیں گے، میں فلور پر جو بات کروں گا وہ پوری ذمہ داری سے کروں گا۔ حکومت کسی اہم چیز کا کوئی نقصان نہیں کرے گی، عوامی نوعیت کے کسی منصوبے کو نظرانداز نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا حق ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خضدار کے لوگوں کے ساتھ زیادتی نہیں کریں گے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے آئندہ مالی سال کے بجٹ پر عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ بجٹ ایک سال کے لئے ہوتا ہے، آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کیے جانے سے پہلے بجٹ میں ہم پچھلے سال کی کارکردگی دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاق میں ہمارے حقوق کو تسلیم نہیں کیا جاتا، ہماری پسماندگی وفاقی بجٹ سے ہی ممکن ہے لیکن وفاق سے ہمیں ہمارا پورا حصہ نہیں ملتا بلکہ وفاق ہمیں غریب اور پسماندہ ہونے کا طعنہ دیتا ہے جبکہ وفاق ہماری معدنیات، گیس اور سمندر سے چلتا ہے۔ وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود بلوچستان پسماندہ ہے۔ ریکوڈک جیسے منصوبے سے بلوچستان کو فائدہ ہونا چاہیے لیکن ماشکیل میں ریکوڈک والوں کیلئے 25 ارب کی لاگت سے ڈیم بنایا جارہا ہے، ریکوڈک منصوبے پر کام کرنے والوں اور وہاں کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا چاہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں وسائل برابری کی بنیاد پر تقسیم ہونے چاہیں مگر ایسا نہیں ہورہا، وفاق نے ہمیشہ ہمارے ساتھ ناانصافی کی ہے، ہمیں بلوچستان میں موٹر وے سمیت دیگر سہولیات چاہیں، ہمیں فنڈز آبادی کی بنیاد پر ملتے ہیں جبکہ ہمارا موقف ہے کہ آبادی کے ساتھ رقبے اور پسماندگی کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی بجٹ میں جو ترقیاتی فنڈز رکھے گئے ہیں وہ تمام استعمال ہونے چاہیں۔ تمام منصوبے محکموں کے ذریعے مکمل کیے جائیں۔ ترقیاتی منصوبے ضرورت اور میرٹ کی بنیاد پر بنائے جائیں۔ بجٹ میں تعلیم، صحت، زراعت، گلہ بانی،

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا جسٹس جمال خان مندوخیل و سینیٹر بلال خان مندوخیل سے اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور سینیٹر بلال خان مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب، بلند درجات اور سوگوار خاندان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

امن و امان اور شاہراہوں پر توجہ دی جائے۔۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ روز اول سے کہا تھا کہ پیٹرولیم مصنوعات سے متعلق ہمیں خود کفیل ہونا چاہیے بلوچستان حکومت مکمل طور پر متحد ہے اور نہ ہی کابینہ میں کسی قسم کی تبدیلی زیرغور ہے وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کی 832 غیرضروری آسامیاں ختم کردی ہیں انسداد دہشت گردی ایکٹ مسنگ پرسنز جیسے پیچیدہ مسائل کا بھی دیرپا حل نکالا جاسکے گا مسلم لیگ ن کے ساتھ بلوچستان حکومت کے کسی قسم کے اختلافات نہیں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو میں کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت سرحدی علاقوں میں ایران میں جاری جنگی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور یہ امر یقینی بنایا جارہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو اشیائے خوردونوش کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے پیٹرولیم مصنوعات کے بحران پر بات کرتے ہوئے واضح کیا کہ حکومت روز اول سے اس مؤقف پر ہے کہ ہمیں ایندھن کے شعبے میں خودکفیل ہونے کی جانب بڑھنا ہوگا تاکہ بیرونی حالات کا براہ راست اثر عوام پر نہ پڑے بلوچستان حکومت مکمل طور پر متحد ہے، حکومت میں کوئی اندرونی اختلاف نہیں اور نہ ہی کابینہ میں کسی قسم کی تبدیلی زیرغور ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے چلنے والی افواہوں کو بے بنیاد اور حقیقت سے دور قرار دیا۔ انہوں نے قانون سازی کے حوالے سے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کا کام قانون سازی کرنا ہے، اور ہم نے اس حوالے سے متعلقہ کمیٹی میں مکمل اتفاق رائے پیدا کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عدالتوں کا کردار آئینی قوانین کی تشریح کرنا ہے، اگر کوئی قانون غیرآئینی ہو تو عدالت اسے درست کرسکتی ہے، لیکن قانون سازی ایوان کا حق ہے اور ہم یہ حق استعمال کرتے رہیں گے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ حکومت اس یقین پر قائم ہے کہ انسداد دہشت گردی ایکٹ: اے ٹی اے: کے مؤثر نفاذ سے بلوچستان میں نہ صرف امن و امان کی صورتحال بہتر ہوگی بلکہ مسنگ پرسنز جیسے پیچیدہ مسائل کا بھی دیرپا حل نکالا جاسکے گا۔ بجٹ کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ عوام کے منتخب نمائندے اسمبلی میں موجود ہیں اور بجٹ کی منظوری یا رد ہونا اسمبلی کے اندرونی عمل کا حصہ ہے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

22 JUN 2025




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کے ہمراہ دختر مشرق شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شہید بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی اسداللہ بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 188 | اتوار، 25 ذوالحج، 22 جون 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# بھٹو خاندان کی قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائینگی وزیراعلیٰ

## شہید بے نظیر بھٹو دنیا کی عظیم لیڈر تھیں، ملک کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا، سرفراز بگٹی

## پیپلزپارٹی واحد وفاقی جماعت، ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجا رکھنے کا فریضہ سرانجام دیا، بینظیر بھٹو کی سالگرہ تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید (باقی صفحہ 5 نمبر 24)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دختر مشرق شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دختر مشرق شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ جا سکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جماعت آج بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں اسی وژن کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے ہم بلوچستان میں ان کے وژن کی روشنی میں مختلف ترقیاتی اقدامات کررہے ہیں، جن میں صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور فلاحی منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے جو جلد فعال ہوجائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جارہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہورہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے وہ سیلاب متاثرین کی بحالی اور پارٹی کے عام کارکن کی بہتری کا دریافت کرتے ہیں ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہم نے این آئی سی وی ڈی منصوبے پر تیزی سے کام مکمل کیا ہے جس کا افتتاح بلاول بھٹو زرداری خود کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے جن کی چابیاں بھی جلد ہی مستحقین میں تقسیم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو ایک شفیق ماں، دوراندیش رہنما اور عوام کی سچی ترجمان تھیں۔ ان کی شہادت ہمارے ایمان کا حصہ ہے وہ آج بھی ہماری کاوشوں، ہماری سوچ اور ہماری عوامی خدمت کو دیکھ رہی ہیں ہوسکتا ہے کہ ہم ان کی تمام امیدوں پر پورا نہ اتر سکیں۔ تقریب سے صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید اقبال شاہ، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ میر صابر بلوچ اور پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
قیمت 30 روپے ★ صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز اتوار 22 جون 2025ء بمطابق 25 ذی الحجہ 1446ھ | شمارہ نمبر 169

# بینظیر بھٹو نے ملکی دفاع ناقابل تسخیر بنایا میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی

## صوبے میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے، پیپلز ٹرین کا بھی آغاز کیا جارہا ہے، تقریب سے خطاب

## بھٹو خاندان کی پاکستان کیلئے لازوال قربانیاں رہتی دنیا تک یاد رکھی جائے گی، شاید قرض بھی اتارا نہ جاسکے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ جاسکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے جو جلد فعال ہو جائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جارہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہورہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے وہ سیلاب متاثرین کی بحالی اور پارٹی کے عام کارکن کی بہتری کا دریافت کرتے ہیں ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہم نے این آئی سی وی ڈی منصوبے پر تیزی سے کام مکمل کیا ہے جس کا افتتاح بلاول بھٹو زرداری خود کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے جن کی چابیاں بھی جلد ہی مستحقین میں تقسیم کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 54 صفحہ 5 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں


THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 شمارہ 168 اتوار 22 جون 2025ء بمطابق 25 ذوالحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے


## شہید بینظیر بھٹو پوری دنیا کی باوقار رہنما تھیں

# انکے وژن کو لے کر آگے بڑھ رہے ہیں، سرفراز بگٹی

**پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے. جس نے چاروں صوبوں کو یکجار کھنے کا فریضہ انجام دیا ہم بلوچستان میں اکابرین کے وژن کے تحت کام کررہے ہیں**

**پیپلز پارٹی نے ہمیں جو عزت دی ہے اس عزت کو عوامی خدمت اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ وفاداری کے ذریعے لوٹانے کی کوشش کرینگے' وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہاہے کہ شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یادرکھی جائیں گی اوران کا قرض شاید کبھی اتارا نہ جاسکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں جب پاکستان کو دنیا کے سامنے اپنے مؤقف کو واضح انداز میں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی، تو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وہ واحد نوجوان رہنماء بن کرابھرے، جنہوں نے جرات، وقار، فہم اور مضبوط اعصاب کے ساتھ پاکستان کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر پیش کیا اور پاکستان کا بیانیہ موثر طور پر اجاگر کیا آج دنیا یہ تسلیم کررہی ہے کہ پاکستان امن پسند ملک ہے اور اصل جارحیت بھارت کی جانب سے ہوئی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی واحد وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجار کھنے کا فریضہ انجام دیا۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جماعت آج بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں اسی وژن کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے ہم بلوچستان میں ان کے وژن کی روشنی میں مختلف ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، جن میں صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور فلاحی منصوبے شامل ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شہید بینظیر بھٹو کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی دیگر کارکنوں کے ہمراہ شہید بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | اتوار 22 جون 2025ء بمطابق 25 ذی الحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-167

# پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید بھٹو کا مرہون منت ہے

سرفراز بگٹی

## بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی

## شہید بینظیر بھٹو نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ

(بقیہ نمبر4 صفحہ نمبر2پر)

جاسکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں جب پاکستان کو دنیا کے سامنے اپنے موقف کو واضح انداز میں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی، تو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وہ واحد نوجوان رہنما بن کر ابھرے جنہوں نے جرات، وقار، فہم اور مضبوط اعصاب کے ساتھ پاکستان کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر پیش کیا اور پاکستان کا بیانیہ موثر طور پر اجاگر کیا آج دنیا یہ تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستان امن پسند ملک ہے اور اصل جارحیت بھارت کی جانب سے ہوئی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی واحد وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجا رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جماعت آج بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں اسی وژن کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے ہم بلوچستان میں ان کے وژن کی روشنی میں مختلف ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، جن میں صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور فلاحی منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آچکا ہے جو جلد فعال ہو جائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جارہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہورہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے جب بھی ملاقات ہوتی ہے وہ سیلاب متاثرین کی بحالی اور پارٹی کے عام کارکن کی بہتری کا دریافت کرتے ہیں ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ہم نے این آئی سی وی ڈی منصوبے پر تیزی سے کام مکمل کیا ہے جس کا افتتاح بلاول بھٹو زرداری خود کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے لیے 8 ہزار مکانات کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے جن کی چابیاں بھی جلد ہی مستحقین میں تقسیم کی جائیں گی اپنی سیاسی جدوجہد کے ایک یادگار واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 2008 میں جب انہیں اور ان کے بھائی کو پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے قومی وصوبائی اسمبلی کے ٹکٹ دیے گئے، تو انہیں زبردستی الیکشن لڑنے سے روکا گیا گرفتار کیا گیا اور جیل میں رکھا گیا تشدد کے بعد جب وہ عدالت سے ریلیف لے کر باہر نکلے، تو دوبارہ راستے میں انہیں شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ اس وقت محترمہ بے نظیر بھٹو نے انہیں ٹیلیفون پر حوصلہ دیا، اور "بیٹا" کہہ کر مخاطب کیا۔ یہ لمحہ ان کی زندگی کا سب سے قیمتی اثاثہ ہے اور وہ آج بھی اسے سینے سے لگائے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو ایک شفیق ماں، دوراندیش رہنما اور عوام کی سچی ترجمان تھیں۔ ان کی شہادت ہمارے ایمان کا حصہ ہے وہ آج بھی ہماری کاوشوں، ہماری سوچ اور ہماری عوامی خدمت کو دیکھ رہی ہیں ہوسکتا ہے کہ ہم ان کی تمام امیدوں پر پورا نہ اتر سکیں، لیکن ان کے دیے ہوئے درد اور احساس کو ہم نے دلوں میں زندہ رکھا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیں جو عزت دی ہے ہم اس عزت کو عوامی خدمت اور پارٹی کے کارکنوں کے ساتھ وفاداری کے ذریعے واپس لوٹانے کی بھرپور کوشش کریں گے

ہم اسی عزم کے ساتھ آگے بڑھیں گے کہ یہ جماعت یہ مشن اور یہ نظریہ ہماری طاقت ہے اور ہمارا مستقبل بھی ہے تقریب سے صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سید اقبال شاہ، سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ میر صابر بلوچ اور پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | اتوار 22 جون 2025ء 25 ذوالحجہ 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 169

# شہید بینظیر بھٹو کے وژن کے مطابق بلوچستان میں ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ بگٹی

## پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور میزائل پروگرام محترمہ بینظیر بھٹو کے مرہون منت ہے، میر سرفراز بگٹی

### عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جا رہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی، یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو نہ صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا اور دنیا کی ایک عظیم اور باوقار رہنما تھیں، جنہوں نے اپنی جدوجہد، سیاسی بصیرت اور جمہوری عزم کے ذریعے ایک منفرد مقام حاصل کیا ہم آج یہاں ان کی 72ویں سالگرہ کے موقع پر ان کی قربانیوں، خدمات اور یادوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جمع ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ بھٹو خاندان نے پاکستان کے لیے جو لازوال قربانیاں دی ہیں، وہ رہتی دنیا تک یاد رکھی جائیں گی اور ان کا قرض شاید کبھی اتارا نہ جا سکے یہ بات انہوں نے ہفتے کے روز کوئٹہ میں شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کی ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں پارٹی قائدین، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر محترمہ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا فیصلہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے کیا اور جب یہ احساس پیدا ہوا کہ ایٹم بم بغیر میزائل کے صرف ذخیرہ شدہ طاقت ہے تو پاکستان کے میزائل پروگرام کا آغاز کرنے کا تاریخی فیصلہ بھی پیپلز پارٹی کی قیادت نے کیا یہ اعزاز شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے میزائل پروگرام کی بنیاد رکھی جس کا ثمر آج پوری قوم سمیٹ رہی ہے انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں جب پاکستان کو دنیا کے سامنے اپنے مؤقف کو واضح انداز میں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی، تو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وہ واحد نوجوان رہنما کے بن کر ابھرے جنہوں نے جرات، وقار، فہم اور مضبوط اعصاب کے ساتھ پاکستان کا مقدمہ بین الاقوامی سطح پر پیش کیا اور پاکستان کا بیانیہ موثر طور پر اجاگر کیا آج دنیا یہ تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستان امن پسند ملک ہے اور اصل جارحیت بھارت کی جانب سے ہوئی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کی واحد وفاقی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ چاروں صوبوں کو یکجا رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی جماعت آج بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں اسی وژن کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے ہم بلوچستان میں ان کے وژن کی روشنی میں مختلف ترقیاتی اقدامات کر رہے ہیں، جن میں صحت، تعلیم، ٹرانسپورٹ اور فلاحی منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز ایئر ایمبولینس کا قیام عمل میں آ چکا ہے جو جلد فعال ہو جائے گی عوام کی سہولت کے لیے سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کا آغاز کیا جا رہا ہے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس سے ہزاروں طلبہ مستفید ہو رہے ہیں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا عمل بھی تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دختر مشرق شہید جمہوریت بینظیر بھٹو کی 72ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

RELATIONS BALOCHSITAN
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1135 QUETTA Sunday June 22, 2025 / Dhul Hijjah 25, 1446 Rs:

# Bugti pays homage to BB on 72nd birth anniversary

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister (CM), Mir Sarfraz Bugti on Saturday paid rich tributes to Shaheed Benazir Bhutto on her 72nd birth anniversary, hailing her as a distinguished leader not only of Pakistan but of Asia and the wider world.

He credited the country's nuclear strength to the vision of Shaheed Zulfikar Ali Bhutto and the foundation of Pakistan's missile program to the leadership of Benazir Bhutto.

Addressing a ceremony in Quetta, attended by party leaders, workers, and civil society members, the CM highlighted the sacrifices and contributions of the Bhutto family. "Today, we gather to honor the legacy, services, and memories of a leader whose political acumen and democratic resolve earned her global respect," he said.

He emphasized that the decision to make Pakistan a nuclear power was taken by Zulfikar Ali Bhutto, and when it became evident that nuclear capability without a delivery system was incomplete, Benazir Bhutto took the historic step of initiating Pakistan's missile program, a move that significantly enhanced the country's defense invincible.



Speaking on recent geopolitical scenario, CM Bugti praised PPP Chairman Bilawal Bhutto Zardari for emerging as a strong and articulate advocate for Pakistan on international platforms. "He was the only young leader who confidently presented Pakistan's narrative to the world with courage, clarity, and diplomatic tact," Bugti said, adding that the world now sees Pakistan as a peace-loving nation and recognizes Indian aggression as the root cause of regional tensions.

Highlighting the federal character of the Pakistan People's Party (PPP), the CM said it is the only political party that has truly worked to unify all four provinces. He said that under Bilawal Bhutto's leadership, the party continues to advance the vision of Benazir Bhutto.Bugti detailed several developmental initiatives launched in Balochistan under PPP's vision including the establishment of People's Air Ambulance service which would be operational soon. The People's Train Service from Sariab to Kuchlak to be commenced shortly, Introduction of the Benazir Bhutto Scholarship Program, reforms in health and education sectors underway, accelerated rehabilitation efforts in flood-affected areas, completion of the NICVD (National Institute of Cardiovascular Diseases) project in Balochistan, which will be inaugu-

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 JUN 2025 Page No. 10


# بجٹ متوازن، سب کو یکساں اہمیت دی، حکومت، منصوبے شفاف بنائے جائیں، اپوزیشن

اربوں روپے سے قرض دیئے جائیں گے، ظہور بلیدی، وفاق سے ہمیں پورا حصہ نہیں ملتا، بجٹ میں میگا پروجیکٹ شامل نہیں، ارکان

جھالاوان میڈیکل کالج پی ایس ڈی پی میں شامل نہ کرنے پر اپوزیشن لیڈر کا واک آؤٹ، عوامی نوعیت کے منصوبے نظرانداز نہیں کرینگے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت پورے صوبے کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، بجٹ میں صوبے کی ترقی اور عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر منصوبے شامل کیے گئے ہیں جن پر عمل درآمد سے صوبے پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے جبکہ اپوزیشن ارکان نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبے عوام کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر میرٹ اور منصفانہ بنیادوں پر بنائے جائیں، یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کو پونے گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کے مالی سال 2025-26 کے بجٹ دوسرے روز بھی ارکان نے عام بحث میں حصہ لیا۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی ظہور بلیدی نے بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 2025-6 2 کا بجٹ متوازن ہے، بجٹ میں تمام سیکٹر کو اہمیت دی گئی ہے، 1028 روپے کے بجٹ میں ترقیاتی فنڈز 249 ارب روپے ہیں، بجٹ میں سوشل پروٹیکشن کو اولیت دی گئی ہے جس کے تحت اربوں روپے کے منصوبے شامل ہیں، نوجوانوں کو کاروبار کے لئے اربوں روپے سے قرض دیئے جائیں گے، عوامی نیشنل پارٹی کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان نے کہا کہ ہماری پسماندگی وفاقی بجٹ سے ہی ممکن ہے لیکن وفاق سے ہمیں ہمارا پورا حصہ نہیں ملتا، وفاق ہمیں غریب اور پسماندہ ہونے کا طعنہ دیتا ہے جبکہ وفاق ہماری معدنیات، گیس اور سمندر سے چلتا ہے۔ وسائل برابری کی بنیاد پر تقسیم ہونے چاہیں۔ جمعیت علما اسلام کے رکن ڈاکٹر نواز کبزئی نے کہا کہ ژوب کے علاقے کبزئی میں 1947 سے اب تک کوئی ترقیاتی منصوبہ نہیں دیا گیا، نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ ایران اسرائیل کشیدگی کے باعث بلوچستان پر اثرات پڑ رہے ہیں، ایران کی سرحد کے قریب واقع اضلاع میں اشیائے خورد و نوش اور پٹرول کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ حکومت صورتحال پر توجہ دے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں بیروزگاری کے خاتمے اور صوبے کی ترقی کے لئے بجٹ میں میگا پروجیکٹ شامل نہیں، وفاق کی جانب [illegible] نہیں کیا گیا، مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، ملازمین کے مطالبات تسلیم کیے جائیں اور جھالاوان میڈیکل کالج منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل کیا جائے۔ جمعیت علما اسلام کے دستگیر بادینی نے کہا کہ ایک ایسی کمیٹی بنائی جائے جو 2024.25 کی اسکیمات کا جائزہ لے کہ زمین پر کس قدر کام ہوا ہے۔ بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 23 جون سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جھالاوان میڈیکل کالج کا منصوبہ پی ایس ڈی پی میں شامل نہ کیے جانے پر اپوزیشن لیڈر کا احتجاج، ایوان سے واک آؤٹ کرگئے، جبکہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ عوامی نوعیت کے کسی منصوبے کو نظرانداز نہیں کریں گے۔ ہفتہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج کے منصوبے کو پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا ہے جس پر میں پہلے بھی بات کی، وزیراعلیٰ منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کی ایوان میں یقین دہانی کرائیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ کی تیاری کے موقع پر ایک فارمولے کے تحت پرانے منصوبوں کو دیکھا گیا اور بعض منصوبے کیپس کیے گئے، اپوزیشن لیڈر اس سلسلے میں چیمبر میں بات کریں، منصوبے پر فوری طور پر کچھ کہنے کی بجائے معاملے پر دوبارہ بات کرکے ہی کچھ کہوں گا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ جھالاوان میڈیکل کالج کو بجٹ سے نکالنا خطرناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کالج کی عمارت مکمل ہونے کے بعد ہی پی ایم ڈی سی کالج کو مکمل طور پر ریکیگنائز کرے گا اگر منصوبے کو پی ایس ڈی پی سے نکال دیا گیا تو کالج سے اب تک فارغ التحصیل ڈاکٹروں کے کئی بیچ اور وہاں زیرتعلیم طلبا وطالبات کا مستقبل متاثر ہوگا۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ کالج میں کافی کام ہوچکا ہے اب منصوبے کو کیوں پی ایس ڈی پی سے نکالا جارہا ہے، میں اس فلور پر پہلے بھی منصوبے کے پی ڈی کے حوالے سے بات کرچکا ہوں، حکومت کی کوتاہی کے ہم ذمہ دار نہیں، مذکورہ پی ڈی کی انکوائری رپورٹ کیوں سامنے نہیں لائی جارہی ہے۔ بعدازاں منصوبے کو پی ایس ڈی پی میں شامل نہ کیے جانے کے خلاف انہوں نے ایوان سے واک آؤٹ کیا، اپوزیشن کے دیگر ارکان نے بھی ان کے ہمراہ واک آؤٹ کیا۔ اس موقع پر پینل آف چیئرمین کے رکن علی مدد جتک نے حکومتی ارکان کو اپوزیشن ارکان کو منانے کے لئے بھیجا جس پر اپوزیشن ارکان بائیکاٹ ختم کرکے ایوان میں واپس آگئے، علی مدد جتک نے ایوان میں واپس آنے پر اپوزیشن ارکان کو خوش آمدید کہا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ منصوبے کی افادیت سے انکار نہیں، پہلے بھی کہا کہ اس کو دیکھیں گے میں فلور پر جو بات کروں گا وہ پوری ذمہ داری سے کروں گا۔ عوامی نوعیت کے کسی منصوبے کو نظرانداز نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا حق ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خضدار کے لوگوں کے ساتھ زیادتی نہیں کریں گے۔


MASHRIQ QUETTA


## شہید بینظیر بھٹو ہر مظلوم طبقے کی توانا آواز تھیں، علی حسن زہری

نڈر شہید نے جمہوریت کی شمع روشن کرکے پاکستانی سیاست میں نئی تاریخ رقم کی، سالگرہ کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو نے جمہوریت، عوامی حقوق اور آئین کی بالادستی کیلئے اپنی جان قربان کرکے ایک نئی تاریخ رقم ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کی محترمہ بینظیر بھٹو ایک ایسی عظیم قائد تھیں جنہوں نے اپنی زندگی جمہوریت، عوام کے حقوق اور پاکستان کی سلامتی کے لئے وقف کردی۔ میر علی حسن زہری کا کہنا تھا کہ شہید محترمہ نے نہ صرف جمہوریت کی بحالی اور مضبوطی کے لئے بے مثال قربانیاں دیں بلکہ اپنے خون سے جمہوریت کی شمع روشن کرکے پاکستانی سیاست میں ایک نئی تاریخ رقم کی وہ دنیا کی مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم تھیں اور عالمی سطح پر خواتین کے حقوق اور جمہوری اقدار کے فروغ کا نشان بن گئیں میر علی حسن زہری نے مزید کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو نہ صرف سیاسی بصیرت رکھنے والی رہنماء تھیں بلکہ وہ ہر مظلوم اور محروم طبقے کی توانا آواز تھیں انہوں نے اپنی جدوجہد سے غربت، ناخواندگی، بے روزگاری اور دہشتگردی کے خلاف نہایت دلیری سے آواز بلند کی اور عوامی خدمت کو اپنی سیاست کا محور بنایا صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت پاکستان اور عالم اسلام کے لئے ناقابل تلافی نقصان تھا

## جسٹس جمال خان مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ پارلیمانی سکرٹری سردار مسعود خان لونی اور پارلیمانی سکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی کا جسٹس جمال خان مندوخیل کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ جسٹس جمال خان مندوخیل اور سینٹر بلال خان مندوخیل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ماں کا سایہ دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہوتا ہے، ان کا بچھڑ جانا ناقابل بیان دکھ اور صدمہ ہے۔

## بخت محمد کاکڑ کا جسٹس جمال مندوخیل اور سینیٹر بلال مندوخیل سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر بلال خان مندوخیل سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے سینیٹر بلال خان مندوخیل سے انکی والدہ کے انتقال پر افسوس و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت پوری پارٹی آپ کے ساتھ ہے صوبائی وزیر صحت بخت محمد نے مرحومہ کے لیے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا کی ہے۔

## شہید بینظیر بھٹو کی قومی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، بخت محمد کاکڑ

محترمہ نے جمہوریت، انسانی وقار اور خواتین کے حقوق کیلئے ناقابل فراموش جدوجہد کی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے شہید بینظیر بھٹو کی ۷۲ ویں سالگرہ کے موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی قومی خدمات اور عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں شہید محترمہ ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بینظیر بھٹو نے جمہوریت، انسانی وقار اور خواتین کے حقوق کے لیے ناقابل فراموش جدوجہد کی شہید بی بی نے آمریت کے خلاف جرآت اور استقامت سے مزاحمت کی انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ نے ملک میں جمہوریت کی بحالی کی تحریکوں کی قیادت کی شہید بی بی قانون کی حکمرانی اور آئین کی بالادستی پر مکمل یقین رکھتی تھیں شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی قربانیاں، وژن اور عوام سے وابستگی پیپلز پارٹی کی اجتماعی میراث ہے شہید بی بی خواتین کی سماجی اور معاشی خودمختاری کی علمبردار رہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 JUN 2025 Page No. 11


# محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس سیکورٹی کے بہتر انتظامات کیے جائیں، ڈی آئی جی پولیس

طے شدہ راستوں و مقامات کے علاوہ جلوس یا مجلس کی اجازت نہیں، سیکورٹی اہلکاران مشتبہ افراد، سامان و گاڑیوں پر کڑی نظر رکھیں: اعتزاز احمد گورایہ

محرم الحرام کے موقع پر فرائض کی بجا آوری اہم ہے، ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں، اجلاس میں ڈی سی کوئٹہ، شیعہ مسلک کے منتظمین، علماء کرام بھی شریک

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کئے جائیں گے تاکہ طے شدہ راستوں اور مقامات کے علاوہ کسی جلوس یا مجلس کی اجازت نہیں ہوگی سیکورٹی پر مامور اہلکار مشتبہ افراد، سامان اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھیں گے امن کے قیام کو یقینی بنائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محرم الحرام کی آمد کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے ہمراہ منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہو......

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ئے کیا اجلاس میں شیعہ مسلک کے منتظمین، علماء کرام، امن کمیٹی کے اراکین، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ، ایس ایس پی ایڈمن دوستین دشتی، ڈویژنل ایس پیز ایس ڈی پی اوز اور دیگر متعلقہ افسران نے بڑی تعداد شریک تھی اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ نے کہا کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے دوران سیکورٹی امور کو یقینی بنانے کیلئے فول پروف انتظامات کئے جائیں گے انہوں نے واضح کیا کہ طے شدہ راستوں اور مقامات کے علاوہ کسی جلوس یا مجلس کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے سیکورٹی پر مامور اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ محرم الحرام کے موقع پر اپنی ڈیوٹی کے دوران مشتبہ افراد، سامان اور گاڑیوں پر کڑی نظر رکھیں تاکہ صوبے اور کوئٹہ کے امن میں خلل ڈالنے والوں کے عزائم کو ناکام بنایا جاسکے کیونکہ محرم الحرام کے موقع پر فرائض کی بجا آوری نہایت اہم نوعیت کی ہے، لہٰذا تمام متعلقہ افراد سیکورٹی معاملات میں ایک دوسرے کے ساتھ مکمل تعاون کریں اجلاس منعقد کرنے کا مقصد محرم الحرام کے دوران امن و امان کو برقرار رکھنے اور سیکورٹی امور کو بہتر انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے شرکاء نے سیکورٹی معاملات میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ مل کر اس مہینے میں امن کی بحالی یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

# سوشل ورکرز معاشرے کے سچے ہیروز ہیں، ڈی سی کوئٹہ

ہر لمحہ اور ہر مقام پر بھرپور تعاون جاری رکھوں گا، کارکنان سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے یہاں کوئٹہ آن لائن کے سینٹر کا دورہ کیا اور تنظیم کے بانی ضیاء خان سمیت ٹیم کے دیگر ارکان سے ملاقات کی۔ ضیاء خان نے ڈپٹی کمشنر کو ادارے کی خدمات، کامیابیوں اور جاری منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے کوئٹہ آن لائن ٹیم کے معذور ہیروز سے......

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

فرداً فرداً ملاقات کی، ان کے ساتھ وقت گزارا اور ان کے مسائل، مشکلات اور کامیابیوں پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر ٹیم نے اپنی خدمات، خصوصاً مختلف اسکولوں، ہسپتالوں، ڈسٹرکٹ جیل اور دیگر اداروں میں انجام دیے جانے والے فلاحی کاموں پر روشنی ڈالی۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے ٹیم کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں اس ٹیم کا حصہ ہوں اور یہ تمام ممبران اس معاشرے کے سچے ہیروز ہیں۔ ہر لمحہ اور ہر مقام پر آپ کے ساتھ کھڑا ہوں اور اپنا بھرپور تعاون جاری رکھوں گا۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹیم کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل اور تجاویز کو نہایت توجہ سے سنا اور ان کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔

# مالی معاونت سے پریس کلبز کے مسائل حل ہونگے، ڈی ڈی پی آر مکران

محکمہ اطلاعات بلوچستان کی پالیسی کے تحت ہر سال صوبے کے مختلف اضلاع کے پریس کلبز کو 20 لاکھ روپے سالانہ گرانٹ فراہم کی جاتی ہے

محکمہ تعلقات عامہ کی جانب سے امسال مکران ڈویژن کے دو پریس کلبز تربت اور گوادر کو مجموعی طور پر 90 لاکھ روپے کی گرانٹ فراہم کی گئی ہے

صرف تربت اور گوادر ہی نہیں بلکہ لسبیلہ، نصیر آباد، خاران، خضدار سمیت دیگر اضلاع کے پریس کلب بھی اس حکومتی اقدام سے مستفید ہو رہے ہیں

تربت (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز مکران ڈویژن وہاب اسحاق بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان اور محکمہ تعلقات عامہ کی جانب سے سال 2025 کے دوران مکران ڈویژن کے دو پریس کلب تربت اور گوادر کو مجموعی طور پر 90 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد علاقائی صحافت کو فروغ دینا اور مقامی صحافیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حالیہ دورہ تربت پریس کلب کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے پریس کلب کے اراکین سے ملاقات کی اور صحافتی امور پر گفتگو کی۔ اس موقع پر انہوں نے تربت پریس کلب کے جنرل سیکریٹری نور شاہ نور کو 20 لاکھ روپے کا گرانٹ چیک بھی دیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور محکمہ اطلاعات کی جانب سے اب تک تربت پریس کلب کو مجموعی طور پر 70 لاکھ روپے جبکہ گوادر پریس کلب کو 20 لاکھ روپے کی گرانٹ جاری کی جا چکی ہے۔ یہ مالی امداد پریس کلبوں کی بنیادی ضروریات، تکنیکی سہولیات، انفراسٹرکچر کی بہتری اور صحافتی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے کے لیے فراہم کی گئی ہے۔ محکمہ اطلاعات بلوچستان کی پالیسی کے تحت ہر سال صوبے کے مختلف اضلاع میں قائم پریس کلبوں کو 20 لاکھ روپے سالانہ گرانٹ فراہم کی جاتی ہے۔ اس پالیسی کا مقصد صوبے بھر میں ایک آزاد، ذمہ دار اور بااختیار صحافت کو فروغ دینا ہے تاکہ مقامی سطح پر درپیش مسائل کو اجاگر کرنے میں صحافیوں کو بہتر مواقع میسر آسکیں۔ وہاب اسحاق بلوچ نے مزید کہا کہ صرف تربت اور گوادر ہی نہیں بلکہ لسبیلہ، نصیر آباد، خاران، خضدار سمیت دیگر اضلاع کے پریس کلب بھی اس حکومتی اقدام سے مستفید ہو رہے ہیں۔ اس پالیسی کے ذریعے صحافیوں کو نہ صرف جدید صحافتی سہولیات تک رسائی حاصل ہوگی بلکہ ایک پیشہ ورانہ اور محفوظ ماحول میں اپنی خدمات انجام دینے کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ اس اقدام سے بلوچستان میں صحافت کے معیار میں بہتری آئے گی اور مقامی سطح پر عوامی مسائل کی نشاندہی مزید مؤثر طریقے سے ممکن ہو سکے گی۔ تربت پریس کلب کے اراکین نے حکومت بلوچستان اور محکمہ تعلقات عامہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسی معاونت نہ صرف صحافیوں کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتی ہے بلکہ علاقے میں آزاد صحافت کو مستحکم کرنے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 22 JUN 2025 Page No. 12


# زہریلے کیمیکل زدہ فضلہ کی غیر قانونی ترسیل پر عدالت کا نوٹس، کمپنی کو مشروط حکم نامہ جاری

### آئندہ سماعت تک ہر قسم کا کیمیکل زدہ فضلہ شہر میں لانے، کھلے عام منتقل کرنے اور شہری حدود میں داخلے پر پابندی عائد

### عدالتی حکم پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور کمپنی کی غیر قانونی ٹرانسپورٹیشن و ڈسپوزل پر فوری روک لگائیں، ڈی سی حب کو ہدایت

حب (این این آئی) زہریلے کیمیکل زدہ فضلہ کی غیر قانونی ترسیل پر عدالت کا سخت نوٹس، کمپنی کو مشروط حکم نامہ جاری۔ ہفتہ کو حبیب رائس لمیٹڈ کمپنی کی جانب سے زہریلا اور کیمیکل زدہ صنعتی فضلہ (گاربیج) بغیر کسی حفاظتی اقدامات اور صفائی کے تقاضوں کے شہر میں منتقل کیا جا رہا تھا، جس کے باعث پورا علاقہ، خصوصاً سول اسپتال حب، عدالت روڈ اور ڈسٹرکٹ کورٹ کمپلیکس شدید تعفن اور بدبو سے متاثر ہوئے۔ اس عمل سے شہریوں کو سخت ذہنی و جسمانی تکلیف کا سامنا کرنا پڑا اس عوامی مسئلے پر شہریوں کی جانب سے دفعہ 133 ضابطہ فوجداری 1898 کے تحت معزز عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ حب-1 میں درخواست دائر کی گئی۔ اس کیس میں قانونی معاونت و نمائندگی معروف قانون دان اور صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب اقبال جاموٹ ایڈووکیٹ اور ان کے ہمراہ نوجوان قانون دان عبدالصمد گدور ایڈووکیٹ نے کی۔ عدالت نے درخواست گزار کے مؤقف کو سننے کے بعد حبیب رائس لمیٹڈ کمپنی کے خلاف مشروط حکم جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت تک ہر قسم کا کیمیکل زدہ فضلہ شہر میں لانے، کھلے عام منتقل کرنے اور شہری حدود میں داخلے پر پابندی عائد کر دی۔ اس کے ساتھ ڈپٹی کمشنر حب کو بھی ہدایت جاری کی گئی کہ وہ عدالتی حکم پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور کمپنی کی غیر قانونی ٹرانسپورٹیشن و ڈسپوزل پر فوری روک لگائیں۔ عدالت نے کمپنی کو یہ بھی حکم دیا کہ شہر میں پیدا ہونے والی آلودگی اور بدبو کے ازالے کے لیے فوری طور پر اینٹی انفیکٹنٹ و اینٹی بیکٹیریل اسپرے کرایا جائے تاکہ ماحولیاتی و انسانی صحت کے ممکنہ خطرات کم ہو سکیں۔ شہریوں نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حب کے وکلاء کی بروقت قانونی مداخلت اور عوامی مفاد میں مؤثر وکالت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ یہ اقدام شہر میں ماحولیاتی تحفظ کی جانب ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔

---


Century Express Quetta


# لیویز فورس کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، عبدالغفار مگسی

### حکومت شہداء کے اہل خانہ کا ہر ممکن خیال رکھے گی، شہید کے والد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے چمن میں دہشتگرد حملے میں شہید ہونے والے لیویز اہلکار عصمت اللہ کے گھر جا کر ان کے والد سے تعزیت کی اور فاتحہ خوانی کی۔ ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی نے کہا کہ لیویز فورس کے بہادر سپاہیوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور حملہ کرنے والے عناصر کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے شہداء ویلفیئر پیکج کے تحت شہید کے لواحقین کے لیے فوری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈی جی لیویز نے یقین دہانی کرائی کہ شہید کے بھائی کی بھرتی شہداء ویلفیئر پیکج کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔ قانونی اور انتظامی کارروائیاں جلد مکمل کر کے مراعات دی جائیں گی ڈی جی لیویز نے کہا کہ شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ [illegible] رکھا جائے گا اور حکومت ہر ممکن طریقے سے ان [illegible] اہل خانہ کے ساتھ کھڑی ہے۔

---


INTEKHAB QUETTA


# کوئٹہ اور گوادر میں پولیو وائرس کی تصدیق، پشین کلیئر قرار

### ملک کے مزید 7 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی، گوادر، کوئٹہ، وزیرستان، راولپنڈی، لاڑکانہ اور میرپور خاص شامل

### لاہور اور پشین کے ماحولیاتی نمونے پولیو وائرس سے پاک قرار پائے ہیں، 8 مئی سے 23 مئی کے درمیان تمام اضلاع کے ماحولیاتی نمونے لیبارٹری بھجوائے گئے تھے

لاہور (این این آئی) ملک کے مزید 7 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی، گوادر، کوئٹہ، وزیرستان، راولپنڈی، لاڑکانہ اور میرپور خاص شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک کے مختلف علاقوں میں سیوریج کے پانی میں پولیو وائرس کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، مزید 7 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق گوادر، کوئٹہ، جنوبی وزیرستان لوئر، جنوبی وزیرستان اپر کے نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا جبکہ راولپنڈی، لاڑکانہ اور میرپور خاص کے سیوریج میں بھی پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہوئی ہے۔ رپورٹ میں بتایا بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

گیا ہے کہ لاہور اور پشین کے ماحولیاتی نمونے پولیو وائرس سے پاک قرار پائے ہیں، 8 مئی سے 23 مئی کے درمیان تمام اضلاع کے ماحولیاتی نمونے لیبارٹری بھجوائے گئے تھے۔ پولیو ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق قومی ادارہ صحت کی ریجنل پولیو لیبارٹری نے پولیو وائرس کی موجودگی کی رپورٹ جاری کردی، 7 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس وائلڈ ون نکلا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 JUN 2025 Page No. 13

## ملازمین کے مطالبات پر ہر فورم پر آواز بلند کرینگے، ہدایت الرحمٰن

### صوبائی حکومت ملازمین سے کیے گئے وعدوں سے مکر گئی، بلوچستان گرینڈ الائنس

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کی امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن سے ملاقات، حکومتی وعدہ خلافی پر اظہار تشویش، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات میں وفاقی طرز پر اضافے سے متعلق صوبائی حکومت ملازمین سے ہونے والے مذاکرات میں وعدوں کے باوجود مکر گئی۔ مہنگائی کے تناسب سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ ناگزیر ہے۔ حکومت سرکاری ملازمین کو جو کمٹمنٹ چاہتی ہے۔ ملازمین نے چارٹر آف ڈیمانڈ مولانا ہدایت الرحمٰن کو پیش کردیا۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ ملازمین کے مطالبات جائز ہیں ان کی حمایت کرتے ہیں۔ حکومت ملازمین سے مذاکرات میں طے پانے والے فیصلوں پر عملدرآمد کرے کسی استحقاق کو مجروح ہونے سے بچائے۔ انشاء اللہ ملازمین کے حق میں اسمبلی سمیت ہر فورم پر آواز بلند کریں گے۔ بلوچستان گرینڈ الائنس کے وفد میں مرکزی آرگنائزر عبدالقدوس کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی اصغر شنگوری، کور کمیٹی کے ممبر جلیل احمد، منظور علی گچکی، حسین آگیر اور سینئر ممبر تیمور شاہ شامل تھے۔

MASHRIQ QUETTA

## پشین میں قتل واقعہ کیخلاف احتجاج آل پارٹیز، تاجر برادری، قبائلی عمائدین کا میتوں کے ہمراہ دھرنا

عوام میں شدید غم و غصہ، ڈی سی آفس پشین کے سامنے احتجاجی مظاہرہ و دھرنا، حکومت سے واقعہ میں ملوث قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

ڈاکٹر صدیق اللہ نہ صرف ایک معالج بلکہ انسان دوست اور معاشرتی اصلاح کے داعی تھے، جمعیت، پشتونخوامیپ، اے این پی، پی ٹی آئی

عوام خوفزدہ، پشین جیسے پرامن علاقے میں اسطرح کا واقعہ پیش آنا تشویشناک ہے، تاجر تنظیموں، قبائلی عمائدین و دیگر کا خطاب

پشین (این این آئی) پشین کے نواحی علاقے ملی تورہ شاہ میں گزشتہ روز نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بننے والے ڈاکٹر صدیق اللہ خیر خواہ اور نصیر احمد کھرل کے قتل نے پورے علاقے میں غم و غصے کی لہر دوڑا دی واقعہ کے خلاف پشین میں آل پارٹیز، تاجر تنظیموں اور قبائلی عمائدین کی جانب سے احتجاج کیا گیا مظاہرین نے ڈاکٹر صدیق اللہ اور نصیر احمد کھرل کی میت ڈپٹی کمشنر آفس کے......

بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

سامنے رکھ کر دھرنا دیا اور حکومت سے واقعہ میں ملوث قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا، احتجاج میں مختلف سیاسی، سماجی اور قبائلی رہنماؤں، سول سوسائٹی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی مظاہرین نے اس دوران ڈاکٹر صدیق اللہ اور نصیر احمد کھرل کے قاتلوں کی فوری گرفتاری، امن وامان کی بحالی اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے نعرے لگائے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء اور سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ، سابق رکن قومی اسمبلی و ضلعی امیر جمعیت علماء اسلام مولانا صاحبزادہ کمال الدین، سابق ضلعی امیر مولانا عزیز اللہ حنفی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی سینئر معاون سیکرٹری حاجی اکبر، عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر اصغر علی ترین، پاکستان تحریک انصاف پشین کے ضلعی صدر شاہنواز کھرل، مرکزی انجمن تاجران پشین کے ضلعی صدر ملک بہادر خان ملیزئی، انجمن تاجران پشین رحیم آغا گروپ کے ضلعی صدر دولت خان ترین، عبدالصمد خان اچکزئی، محمد صادق کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر صدیق اللہ خیر خواہ نہ صرف ایک پیشہ ور معالج تھے بلکہ وہ ایک نیک سیرت، انسان دوست، خدمت گزار اور معاشرتی اصلاح کے داعی بھی تھے

## صحت کے شعبے سے متعلق چار مسودہ قوانین زیر غور آئے

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صحت عامہ کا اجلاس دوبارہ طلب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے صحت عامہ کا اجلاس چیئرمین ڈاکٹر محمد نواز کبزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین میر......

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اسد اللہ بلوچ، صمد خان گورگیج، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، شاہدہ رؤف اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکریٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی اور اسپیشل سیکریٹری اسمبلی عبدالرحمٰن بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 22 JUN 2025

Page No. 16

## قلعہ عبداللہ: سی ٹی ڈی کا آپریشن، کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گرد ہلاک

دہشت گردی میں 6 افراد ہلاک، 4 زخمی

فورسز پر حملوں سمیت دہشت گردی کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے، بھاری تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور حساس مقامات کی دستاویزات برآمد

مستونگ میں پولیس اہلکار سمیت دو اور منگچر میں بم ڈسپوزل اسکواڈ کے دو اہلکار جاں بحق 4 زخمی، منگچر سے دو لاشیں بھی برآمد ہوئیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/نیوز ایجنسیاں) سی ٹی ڈی کا قلعہ عبداللہ جنگل پیر علیزئی میں ٹارگٹڈ آپریشن فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گرد ہلاک جبکہ صوبے بھر میں دہشتگردی کی وارداتوں میں چھ افراد جاں بحق اور چار زخمی ہو گئے ۔ بھاری تعداد میں اسلحہ، دستی بم، گولہ بارود اور حساس مقامات کی دستاویزات قبضے میں لے لی گئیں ۔ مارے جانے والے دہشت گرد سیکورٹی فورسز، پولیس اور لیویز پر حملوں سمیت دہشت گردی کی متعدد وارداتوں میں ملوث تھے ۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں نے دہشت گردی کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کیلئے قلعہ عبداللہ کے علاقے جنگل پیر علیزئی میں ٹھکانہ بنایا ہوا ہے جس پر سی ٹی ڈی کے ہمراہ گزشتہ روز جنگل پیر علیزئی میں ٹارگٹڈ آپریشن کیا اسی دوران دہشت گردوں نے فائرنگ شروع کردی۔

## قلات، فائرنگ سے سب انسپکٹر جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سب انسپکٹر جاں بحق ہوگیا ۔ پولیس کے مطابق قلات کے علاقے گوم کا رہائشی سب انسپکٹر فدا احمد گزشتہ شب ڈیوٹی کے بعد گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے جس نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا ۔ ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔

## کوئٹہ: موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت آٹھ ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سٹی سرکل پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت آٹھ ملزمان کو گرفتار کر کے 16 موٹر سائیکلیں اور اسپیئر پارٹس قبضے میں لے لئے پولیس کے مطابق سٹی اور سول لائن پولیس نے ڈی ایس پی سٹی سرکل سلیم شاہوانی کے سربراہی میں شہر سے موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے سرغنہ گل کو سات ساتھیوں شہباز، شمس اللہ، محمد آصف، شکیل احمد، صفتین احمد، امتیاز حسین اور نصیب اللہ کے ہمراہ گرفتار کرلیا دوران تفتیش گرفتار ملزمان نے درجنوں موٹر سائیکلیں چوری اور چھیننے کا انکشاف کیا پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی نشاندہی پر 16 مروقہ موٹر سائیکلیں اور دو موٹر سائیکلوں کے اسپیئر پارٹس قبضے میں لے لئے ملزمان چوری اور چھینی گئی موٹر سائیکلوں کو کھول کر اسپیئر پارٹس فروخت کرتے تھے مزید تفتیش جاری ہے۔

## کردگاپ کے قریب مسلح افراد نے سرکاری املاک کو آگ لگا دی

سات باوزرز کے ٹائر برسٹ

ایل پی جی کے ایک باؤزر میں آگ بھڑک اٹھی، سرکاری املاک میں لیویز تھانہ، نادرہ آفس اور اسسٹنٹ کمشنر کا دفتر شامل

نوشکی (نامہ نگار) پاک ایران قومی شاہراہ این 40 پر کردگاپ کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کر کے لیویز تھانہ، نادرہ آفس کو نذر آتش کرنے بعد کردگاپ جا کر اسسٹنٹ کمشنر آفس کو بھی آگ لگا دی ۔ جس میں موجود ایک گاڑی جل گئی اور ایک گاڑی مسلح افراد ساتھ لے گئے ۔ قریب پیٹرول پمپ پر کھڑے سات باوزرز کے ٹائر برسٹ کر دیئے ۔ ایک باوزر گاڑی میں ایل پی جی کی وجہ سے آگ لگ گئی آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کر رہے ہیں آر سی ڈی شاہراہ پر 10 گھنٹوں سے ٹریفک معطل ہے جس کی وجہ دونوں جانب گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں ہیں جس کی وجہ مسافروں بالخصوص خواتین مریضوں اور بچوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے فائر بریگیڈ نہ ہونے کی وجہ سے آگ پر قابو نہیں پایا جا رہا ہے ۔ علاقہ میں خوف ہراس پایا جاتا ہے۔

## فائرنگ سے قبائلی شخصیت جاں بحق

نوشکی (نامہ نگار) قبائلی شخصیت تبلیغی جماعت کے حاجی کریم شاہ ولد محمد نور محمد حسنی ہفتہ کی صبح اپنے گھر غریب آباد سے فجر کی نماز کیلئے مسجد جا رہے تھے کہ موٹر سائیکل سواروں نے ان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں وہ جاں بحق ہو گئے ملزمان واقعہ کے بعد آسانی کے ساتھ فرار ہو گئے۔

## ژوب: چچازاد بھائی آپس میں لڑ پڑے، فائرنگ سے 8 افراد زخمی

زخمی ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل، پولیس نے موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پا لیا

ژوب: (نامہ نگار) شیخان مندوخیل کے علاقے میں چچازاد بھائی آپس میں لڑ پڑے فائرنگ دونوں گروہوں کے 8 افراد زخمی ہو گئے ہسپتال ذرائع کے مطابق شیخان مندوخیل کے علاقے میں چچازاد بھائیوں کے درمیان جھگڑا ہوا اس دوران ہونے والی فائرنگ کے نتیجے میں 8 افراد (ر) ایکسین محکمہ بی اینڈ آر شیخ محمد اسلم مندوخیل شیخ شاہ رسول محمد اجمل عابد خان سلطان محمد شیخ خدائیدوست مندوخیل محمد علی اور محمد نعیم زخمی ہو گئے ہسپتال ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ زخمیوں کو جب ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچایا گیا تو وہاں ایک شخص نے گولی چلا کر دوسرے فریق کے ایک شخص کو زخمی کر دیا اس طرح دونوں گروہوں کے 8 افراد زخمی ہو گئے ہیں زخمیوں کی حالت تسلی بخش بتائی جا رہی ہے اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کو قابو کر کے ضروری کارروائی شروع کردی۔

## نوجوان سے موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی چھین لی گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نواکلی کا رہائشی نوجوان زریاب آفتاب ولد آفتاب لون گزشتہ شب موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا اسی دوران ایک موٹر سائیکل پر سوار تین مسلح افراد نے روک کر اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل، موبائل فون اور 20 ہزار کی نقدی چھین کر فرار ہو گئے زرغون آباد پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

## پیپلز پارٹی کے ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار کے گھر پر دستی بموں سے حملہ

شدید فائرنگ بھی کی گئی، حملے کے وقت حاجی صلاح الدین زہری گھر پر موجود نہیں تھے

خضدار (این این آئی) زہری میں نامعلوم افراد کا پیپلز پارٹی کے رہنما و ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری کے گھر پر دستی بموں سے حملہ کیا گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب نامعلوم افراد نے زہری چشمہ میں نواب ثناء اللہ خان زہری کے نمائندہ خاص و پیپلز پارٹی کے رہنماء، ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری کی گھر پر دستی بموں سے حملہ کیا اور شدید فائرنگ کی تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ۔ جس وقت حملہ کیا گیا اسوقت ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی صلاح الدین زہری گھر پر موجود نہیں تھے۔

MASHRIQ QUETTA

## شکارپور، بلوچستان کے دو نوجوان تاحال بازیاب نہیں ہو سکے

متاثرہ خاندان نے شکارپور پولیس کے خلاف احتجاج کی کال دے دی

نصیر آباد (آئی این پی) شکارپور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے دو نوجوان 7 روز گزرنے کے بعد بھی بازیاب نہیں ہو سکے لاشاری قبیلے کے متاثرہ خاندان نے شکارپور سندھ پولیس کے خلاف کل سے مزید احتجاج کی کال دے دی بلوچستان کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی و ڈیرہ اللہ یار اور ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھنے والے 2 نوجوان ظہیر بہرانی او......... 

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ر عرفان لاشاری کچھ روز قبل سندھ شکارپور کے علاقے سے آغوا کیا گیا آج 7 روز گزرنے کے بعد بھی شکارپور پولیس مغویان کی نہ تو بازیابی عمل میں لا سکی اور نہ ہی اب تک کوئی سراغ لگا سکی جس سے اہل خانہ سخت پریشان حال ہو کر رہ گئے ہیں، مغویان کی بازیابی کے لئے پہلے دن بہرانی قبیلے کی کال پر متاثرہ خاندان کے درجنوں افراد نے شکارپور سکھر قومی شاہراہ کو احتجاج کے طور پر بلاک کر کے ہر قسم کی ٹریفک کی روانی روک لی بعد ازاں پولیس کی یقین دہانی کے بعد احتجاج موخر کردیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 22 JUN 2025

Page No. 15


# صحبت پور، محکمہ صحت کی ناقص کارکردگی، علاج معالجے کی سہولیات ناپید

## سانپ کے کاٹے اور باولے کتے کے کاٹنے کی ویکسین تک دستیاب نہیں، بخار اور سردرد کی گولیاں ناپید ہیں

### متعدد مراکز صحت پیرامیڈیکس یا کلاس فور ملازمین کے رحم وکرم پر ہیں، طبی عملہ ڈیوٹی انجام دینے سے گریزاں

صحبت پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور میں محکمہ صحت کی ناقص کارکردگی اور غیر فعال نظام کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہوگئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں علاج معالجے کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ سانپ کے کاٹے اور باولے کتے کے کاٹنے کی ویکسین جیسی اہم ادویات تک دستیاب نہیں، جب کہ عام بخار اور سردرد کی گولیاں بھی اکثر مراکز میں ناپید ہیں۔ ذرائع کے مطابق ضلع بھر کے بیشتر صحت مراکز میں ڈاکٹرز کی حاضری نہ ہونے کے برابر ہے۔ متعدد مراکز صحت صرف پیرامیڈیکس یا کلاس فور ملازمین کے رحم وکرم پر چل رہے ہیں، جنہیں مریضوں کا مناسب علاج کرنے کی نہ تربیت حاصل ہے اور نہ ہی اختیار۔ شہریوں نے یہ بھی شکایت کی کہ کئی ڈسپنسریوں میں عملے کے لیے بنیادی سہولیات بھی موجود نہیں، جس کی وجہ سے طبی عملہ ڈیوٹی انجام دینے سے گریزاں ہے۔ ضلعی ناظم صحت کی غفلت اور عدم دلچسپی سے نظام مزید بگڑتا جا رہا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے، صحت کے مراکز کو فعال کرنے اور وافر مقدار میں ادویات و عملہ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، تاکہ غریب عوام کو بنیادی علاج معالجے کی سہولت میسر آسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 22 JUN 2025 Page No. 17

## کوئٹہ میں پیٹرول کا مسئلہ!

پچھلے دنوں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول کی شدید قلت رہی جس کے باعث عوام کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔اس طرح میڈیا اور عوام کے مطالبے پر انتظامیہ نے پیٹرول پمپس پر پیٹرول کی سپلائی کو یقینی بنانے کے لیے تمام پیٹرول پمپس مالکان اور دیگر متعلقہ افراد کو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی نے طلب کر کے ان پر واضح کیا کہ کوئٹہ شہر میں پیٹرول کی سپلائی کو ممکن بنایا جائے اور عوام کو پیٹرول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں اس پر کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کے احکامات کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول پمپس پر پیٹرول کی سپلائی کا نظام قدرے بہتر ہوا ہے اور اس طرح اب عوام کو پمپس پر پیٹرول مل رہا ہے۔مشاہدے کے مطابق اب بھی پیٹرول کی سپلائی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ازحد ضروری ہے کہ انتظامیہ کو پیٹرول پمپس پر ناپ تول اور کوالٹی پر نظر رکھنی چاہیے۔اس سلسلے میں چیک اینڈ بیلنس کا نظام رائج کرنا چاہیے تاکہ اس قسم کی شکایات کا ازالہ کیا جائے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی اور دیگر متعلقہ حکام کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پیٹرول کی دستیابی کو یقینی بنانے کا اقدام قابل تعریف ہے۔انہوں نے یہ اقدام اٹھا کر عوام کی ایک بہت بڑی مشکل حل کردی ہے۔جو کہ پیٹرول کے نہ ہونے کے باعث اس سے دوچار تھی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 JUN 2025

Page No. 16

# سرحدی علاقوں میں چیلنجز اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا فیصلہ کن ردعمل

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ایران سے ملحقہ سرحدی علاقوں میں پیٹرول سمیت دیگر اشیا کی قلت ہونے نہیں دیں گے، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ کی جانب سے پوائنٹ آف آرڈر پر اٹھائے گئے نکتے کے جواب میں کہی ہے۔ رحمت صالح بلوچ نے ایران اسرائیل جنگ کے باعث سرحدی علاقوں میں پیدا ہونے والی پیٹرول، اشیائے خورد ونوش اور بجلی کی قلت پر روشنی ڈالی تھی، جس پر وزیر اعلیٰ نے فوری اور فیصلہ کن ردعمل دیا۔ وزیر اعلیٰ کے اس عزم نے یہ امید پیدا کی ہے کہ ان کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت چھوٹے بڑے بحرانوں اور چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی نے بلاشبہ سرحد سے متصل بلوچستان کے علاقوں پر گہرے اثرات مرتب کئے ہیں یہ علاقے پہلے ہی معاشی اور بنیادی ڈھانچے کے چیلنجز سے دوچار ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صورتحال کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے فوری ردعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ ایران اسرائیل کشیدگی نے ایک بحرانی صورتحال پیدا کر دی ہے، جس کا ادراک انہیں گوادر کے دورے کے دوران بھی ہوا۔ انہوں نے وفاقی وزیر پیٹرولیم سے بات چیت کا ذکر کیا اور واضح کیا کہ پیٹرول سمیت دیگر اشیاء کی قلت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ان کا یہ بیان کہ "اس کے لئے ایمرجنسی لگانی پڑی یا جو بھی اقدامات کرنے پڑے کریں گے" ان کے پختہ ارادے اور عوام کو درپیش مشکلات سے نکالنے کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے بارڈر ایریا میں کھانے پینے کی اشیاء کی کمی نہ ہونے دینے کا بھی پختہ یقین دلایا، جو کہ مقامی آبادی کے لئے ایک بہت بڑی تسلی کی بات ہے۔ وزیر اعلیٰ کا یہ دوٹوک اور بروقت ردعمل اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ وہ صوبے کے ہر حصے میں عوام کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہیں۔ یہ صرف ایک انتظامی بیان نہیں، بلکہ ایک ایسا عزم ہے جو عوام کے دلوں میں امید پیدا کرتا ہے۔ حالیہ دنوں میں کوئٹہ اور اندرون صوبہ پٹرول کی قلت کے باعث ایک عجیب سی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ پٹرول پمپس پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں، عوام کی بے چینی اور بلیک مارکیٹنگ کے واقعات معمول بن گئے تھے۔ اس صورتحال نے یہ واضح کیا کہ صوبائی حکومت کو نہ صرف بیرونی عوامل بلکہ اندرونی انتظامی کمزوریوں کو بھی دور کرنے کی ضرورت ہے۔ صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ وفاق سے مضبوطی سے بات کرے اور پیٹرول کی باقاعدہ اور بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے۔ اس کے لئے ایک جامع پالیسی وضع کی جانی چاہئے جس میں تیل کی سپلائی چین کو مضبوط کیا جائے، ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ کی روک تھام کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں، اور پٹرول پمپس پر پیٹرول کی دستیابی کو مانیٹر کرنے کا ایک موثر نظام قائم کیا جائے۔ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کا یہ بنیادی فرض ہے کہ وہ پٹرول پمپس کی باقاعدہ نگرانی کرے، نرخوں کی پڑتال کرے، موجودہ ذخیرہ اور طلب و رسد کے مسائل کو سر اٹھانے سے پہلے ہی حل کرے۔ اس کے لئے ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم بھی متعارف کرایا جا سکتا ہے تاکہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے پٹرول کی فراہمی میں تسلسل نہ صرف عام شہریوں کے لئے ضروری ہے بلکہ یہ معیشت کی رفتار کو بھی برقرار رکھنے کے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ چھوٹے کاروبار سے لے کر بڑی صنعتوں تک ہر شعبہ پٹرول کی دستیابی پر منحصر ہے، اور اس کی قلت سے معیشت کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت مجموعی طور پر ایک اچھے انداز میں آگے بڑھ رہی ہے۔ حکومت نے مختصر عرصے میں کئی اہم چیلنجز کا سامنا کیا ہے اور ان سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کئے ہیں۔ خاص طور پر امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے، ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے آگے بڑھانے اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لئے حکومت کی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے درمیان اتحاد اور باہمی تعاون نے حکومت کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔ یہ اتحاد صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ناگزیر ہے۔ حکومت نے شفافیت اور گڈ گورننس کو فروغ دینے کے لئے بھی اقدامات کئے ہیں، جس سے عوام کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ کی ذاتی دلچسپی اور تمام اضلاع کا دورہ کر کے عوام کے مسائل کو براہ راست جاننے کی کوشش ایک مثبت قدم ہے، جو انہیں زمینی حقائق سے آگاہ رکھتا ہے۔ تاہم، بلوچستان کو درپیش چیلنجز صرف پیٹرول کی قلت یا سرحدی کشیدگی تک محدود نہیں ہیں۔ صوبہ اب بھی غربت، بے روزگاری، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں پسماندگی اور بنیادی ڈھانچے کی کمی جیسے مسائل کا شکار ہے حکومت کو چاہئے کہ وہ ان تمام چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ایک جامع اور طویل مدتی حکمت عملی اپنائے۔ یہ حکمت عملی پائیدار ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلابی اصلاحات لانے، اور امن و امان کو مزید بہتر بنانے پر مبنی ہونی چاہئے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 22 JUN 2025 Page No.



شہید جمہوریت بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی تقریب سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، علی مدد جتک، صابر بلوچ، سید اقبال، سردار خیر محمد ترین ودیگر خطاب کررہے ہیں



پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے زیر اہتمام شہید بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کے موقع پر صوبائی وزیر صادق عمرانی، نورالدین کاکڑ ودیگر خطاب کررہے ہیں



صوبائی وزراء میر سلیم احمد کھوسہ، میر عاصم کرد گیلو، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، محمد خان لہڑی ودیگر اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں



صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک اچکزئی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں